ساغر اقبالی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆وزیر اعظم جمالی کے بعد اب چیف جسٹس کو غیر فعال کر دیا گیا۔(اپوزیشن)

چلی ہے رسم کہ کوئی نہ سر اٹھا کے چلے

☆پٹواریوں، عام لوگوں کو کالا کوٹ پہنا کر' حکومتی صوبائی کنونشن کے لیے لاہور بھیجا گیا۔(ایک خبر)

پڑھے لکھے پنجاب کے برگ و بار!

☆اسلام آباد: ایس ایچ او نے غیر فعال چیف جسٹس کو بالوں سے پکڑ کر گاڑی میں دھکیلنے کی کوشش کی۔(ایک خبر)

مقدمہ زیرِ سماعت ہے۔جسٹس بھگوان داس نے انصاف کی خوش خبری سنانے کا اعلان کیا ہے۔

☆چیف جسٹس کے پھٹے ہوئے کوٹ کی قیمت ستر لاکھ روپے لگادی گئی۔(ایک خبر)

کل وی چنگے اَج وی چنگے　　وکیل وی چنگے ، جج وی چنگے

جیہڑا ایتھے ڈٹ سکدا اے　　اوہدا کوٹ وی پھٹ سکدا اے

☆لاہور میں پولیس جوتوں سمیت مسجد میں گھس گئی۔(ایک خبر)

مسجد خدا کا گھر ہے جوتوں کی جا نہیں

پر اُسے کیا کہیں جسے خوفِ خدا نہیں

☆استعفوں کی بارش۔کئی سرکاری وکیل اور جج عدلیہ کے وقار کے لیے مستعفی ہوگئے۔(ایک خبر)

میں بے بہاری بارش دے اونے دا مطلب تاڑ گیاں

اے توبہ میری توڑے گی ایس بارش دی نیت ٹھیک نئیں

☆کسی بھی مشکل اور آزمائش میں پاکستان کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔(رابرٹ گیٹس امریکی وزیر دفاع)

یہ فتنہ ہماری خانہ ویرانی کو کیا کم ہے

ہوئے تم دوست جس کے، دشمن اس کا آسماں کیوں ہو

☆زکریا ایکسپریس کی بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں۔ایک خبر

یہاں تو ہر محکمے کی بوگیاں پٹڑی سے اتری ہوئی ہیں!

☆مشرف وردی اتار دیں۔ق لیگ ایک ہی دن میں ختم ہو جائے گی۔(ذوالفقار کھوسہ)

اسی لیے تو نہیں اتارتے

☆عراق میں امن قائم ہونے تک فوجیں وہیں رہیں گی۔امریکی ترجمان

ابر کی طرح کر دیویں گے لاشوں سے نہال

ہم جدھر جاویں گے حقوقِ انساں لے کر